© rasailojaraid.com



ابوسفیان تائب

# حمد باری تعالیٰ

مکان و لامکاں میں لائقِ حمد و ثنا تُو ہے
فقط ہے بندگی تیری جہانوں کا خدا تُو ہے
اندھیرے میں اُجالے میں ہے جو بھی ' دیکھتا تُو ہے
تصور میں نہیں آتا تصور سے ورا تُو ہے
دلوں میں راز پوشیدہ سبھی کے جانتا تُو ہے
بڑا کوئی نہیں لیکن بڑوں سے بھی بڑا تُو ہے
بھکاری ہیں سبھی تیرے رزق کرتا عطا تُو ہے
غریبوں بے نواؤں کا حقیقی آسرا تُو ہے
مصائب ابتلاؤں میں بس اک مشکل کشا تو ہے
گناہوں پر بھی ستّاری پردے ڈالتا تُو ہے
وہ دل بے شک ہے نورانی کہ جس میں بس گیا تُو ہے
تیرے در کا سوالی ہوں بخشش اور عطا تُو ہے
گنہگاروں ، خطاکاروں پہ رحمت کی رِدا تُو ہے
جو عاصی ہو کے تائبؔ ہوں
انہیں کو بخشتا تُو ہے

© rasailojaraid.com